انتظامات وغیرہ کے حوالے سے اپنے تبصرے، آرا اور تاثرات رقم کرتے ہیں۔ اس سے منتظمین کو اپنی کارکردگی کے محاسن و معائب کا پتا چلتا ہے اور آیندہ ورکشاپ کے معیار کو بہتر بنانے کے سلسلے میں ضروری رہنمائی ملتی ہے۔ مجموعی طور پر کتاب بہت مفید ہے اور تبلیغ و اشاعت دین سے وابستہ افراد کے لیے موزوں لائحہ عمل تیار کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ (ڈاکٹر رحیم بخش شاہین)

کتب موصولہ

☆ **اصلاح تعلیم**، مقصود احمد۔ ناشر: تعمیر ملت فاؤنڈیشن، معرفت شفا انٹرنیشنل ہسپتال، ایچ، ایٹ /۴، اسلام آباد۔ صفحات: ۳۰۰۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [نظام تعلیم میں اصلاح کے مختلف طریقے، تدریسی، نصابی، امتحانی، علمی، مواصلاتی، مالی---
آپ "کوئی ایک یا ایک سے زائد کام شروع کیجیے--- رہنمائی کیجیے"۔]

☆ **بساط ذکر و فکر**، اسلامی ادب، مدیر: یعقوب سروش۔ پتہ: شریف کاٹیج آرمور، ضلع نظام آباد (اے پی) بھارت۔ صفحات: ۵۲۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [اسلامی ادب کا ترجمان، مقالے، غزلیں، افسانے، نظمیں، آسانی ادب وغیرہ۔ بامقصد نگارشات کا اختصار، اہم خوبی ہے۔]

☆ **درس قرآن**، مرتبہ: محمد عمر خاں۔ ناشر: تحریک جنت پاکستان، قصر عبداللہ، ۸۴۸/۱۰۵ کہکشاں سٹریٹ نمبر ۵، نیو گل گشت کالونی، ملتان۔ صفحات: ۱۶ یا ۲۴۔ قیمت: ۴ روپے فی کتابچہ۔ [مختلف موضوعات پر درس قرآن کے سلسلے وار مفید کتابچے۔ "ان افراد کے لیے، جو درس قرآن کی تیاری کی خواہش رکھتے ہوں"۔ انفرادی مطالعے کے لیے نفع بخش۔]

☆ **کلیات طب کے مصادر و مراجع**، محمد رضی الاسلام ندوی۔ ملنے کا پتہ: اعجاز پبلشنگ ہاؤس، ۲۰۶۰ کوچہ جیلان، دریا گنج، نئی دہلی ۲۔ بھارت۔ صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [اس تحقیقی مقالے پر مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے، مصنف کو ماہر طب (M.D.) کی سند عطا کی۔ یونانی طب کے اہم مضمون کلیات پر حکمائے قدیم کی چالیس معروف کتابوں کا تعارف۔ ماہرین علم طب نے اس کاوش کو سراہا ہے۔]

☆ **عبداللہ بن ابی سلول**، مبین عبدالشکور۔ ناشر: کوثر پبلی کیشنز، بنگلور، بھارت۔ صفحات: ۱۵۵۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [مصنف کی بعض کتابوں پر تبصرہ آچکا ہے۔ مئی، جون ۱۹۹۶--- یہ ان کی نئی کاوش ہے۔ رئیس منافقین پر بہت سا لوازمہ یک جا کیا گیا ہے۔]